26 Ash-Shu'ara

الشعراء

The Poets · Meccan · 227 verses · Para 19

ASH-SHU'ARA (THE POETS)

1 Ta Sin Mim.

طا، سین، میم

2 These are the verses of the Book that makes (things) clear.

یہ کتاب مبین کی آیات ہیں۔

3 Perhaps you will kill yourself with grief because they do not believe.

شاید اس رنج سے کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے آپ اپنی جان کھو دیں گے۔

4 If We please, We should send down upon them a sign from the heaven so that their necks should stoop to it.

اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے ایسی نشانیاں نازل کر دیں جس کے آگے ان کی گردنیں جھک جائیں ۔

5 And there does not come to them a new reminder from the Beneficent Allah but they turn aside from it.

اور ان کے پاس رحمن کی طرف سے جو بھی تازہ نصیحت آتی ہے تو یہ اس سے منہ موڑ لیتے ہیں۔

6 So they have indeed rejected (the truth), therefore the news of that which they mock shall soon come to them.

یہ تکذیب کر بیٹھے ہیں تو جس چیز کا یہ لوگ مذاق اڑاتے تھے اب عنقریب اس کی خبریں آنے والی ہیں۔

7 Do they not see the earth, how many of every noble kind We have caused to grow in it?

کیا انہوں نے کبھی زمین کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اس میں کتنی وافر مقدار میں ہر قسم کی نفیس نباتات اگائی ہیں؟

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

طٰسٓمٓ ﴿۱﴾ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ﴿۲﴾ لَعَلَّکَ بَاخِعٌ
نَّفۡسَکَ اَلَّا یَکُوۡنُوۡا مُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۳﴾ اِنۡ نَّشَاۡ نُنَزِّلۡ عَلَیۡہِمۡ
مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً فَظَلَّتۡ اَعۡنَاقُہُمۡ لَہَا خٰضِعِیۡنَ ﴿۴﴾ وَمَا
یَاۡتِیۡہِمۡ مِّنۡ ذِکۡرٍ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ مُحۡدَثٍ اِلَّا کَانُوۡا عَنۡہُ
مُعۡرِضِیۡنَ ﴿۵﴾ فَقَدۡ کَذَّبُوۡا فَسَیَاۡتِیۡہِمۡ اَنۡۢبٰٓؤُا مَا کَانُوۡا
بِہٖ یَسۡتَہۡزِءُوۡنَ ﴿۶﴾ اَوَلَمۡ یَرَوۡا اِلَی الۡاَرۡضِ کَمۡ اَنۡۢبَتۡنَا
فِیۡہَا مِنۡ کُلِّ زَوۡجٍ کَرِیۡمٍ ﴿۷﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

8 Most surely there is a sign in that, but most of them will not believe.

اس میں یقینا ایک نشانی ضرور ہے مگر ان میں سے اکثر نہیں مانتے۔

9 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.

اور یقینا آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

10 And when your Lord called out to Musa, saying: Go to the unjust people,

اور (وہ وقت یاد کریں) جب آپ کے رب نے موسیٰ کو پکارا (اور کہا) کہ آپ ظالم لوگوں کے پاس جائیں،

11 The people of Firon: Will they not guard (against evil)?

(یعنی) فرعون کی قوم کے پاس، کیا وہ ڈرتے نہیں؟

12 He said: O my Lord! surely I fear that they will reject me;

موسیٰ نے عرض کی: میرے رب! مجھے اس بات کا خوف ہے کہ وہ میری تکذیب کریں گے۔

13 And by breast straitens, and my tongue is not eloquent, therefore send Thou to Haroun (to help me);

اور میرا سینہ تنگ ہو رہا ہے اور میری زبان نہیں چلتی سو تو ہارون کو (پیغام) بھیج (کہ میرا ساتھ دیں)۔

14 And they have a crime against me, therefore I fear that they may slay me.

اور ان لوگوں کے لیے میرے ذمے ایک جرم (کا دعویٰ) بھی ہے لہٰذا مجھے خوف ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے۔

15 He said: By no means, so go you both with Our signs; surely We are with you, hearing;

فرمایا: ہرگز نہیں! آپ دونوں ہماری نشانیاں لے کر جائیں کہ ہم آپ کے ساتھ سنتے رہیں گے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٨﴾
وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾ وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ
مُوسَىٰ أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا
يَتَّقُونَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ ﴿١٢﴾
وَيَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ هَارُونَ
﴿١٣﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنبٌ فَأَخَافُ أَن يَقْتُلُونِ ﴿١٤﴾ قَالَ كَلَّا
فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُم مُّسْتَمِعُونَ ﴿١٥﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

16 Then come to Firon and say: Surely we are the apostles of the Lord of the worlds:

آپ دونوں فرعون کے پاس جائیں اور (اس سے) کہیں: ہم رب العالمین کے رسول ہیں،

17 Then send with us the children of Israel.

کہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے ۔

18 (Firon) said: Did we not bring you up as a child among us, and you tarried among us for (many) years of your life?

فرعون نے کہا: کیا ہم نے تجھے بچپن میں اپنے ہاں نہیں پالا؟ اور تو نے اپنی عمر کے کئی سال ہمارے ہاں بسر کیے۔

19 And you did (that) deed of yours which you did, and you are one of the ungrateful.

اور تو کر گیا اپنی وہ کرتوت جو کر گیا اور تو ناشکروں میں سے ہے۔

20 He said: I did it then while I was of those unable to see the right course;

موسیٰ نے کہا: ہاں اس وقت وہ حرکت مجھ سے سرزد ہو گئی تھی اور میں خطاکاروں میں سے تھا۔

21 So I fled from you when I feared you, then my Lord granted me wisdom and made me of the apostles;

اسی لیے جب میں نے تم لوگوں سے خوف محسوس کیا تو میں نے تم سے گریز کیا پھر میرے رب نے مجھے حکمت عنایت فرمائی اور مجھے رسولوں میں سے قرار دیا۔

22 And is it a favor of which you remind me that you have enslaved the children of Israel?

اور تم مجھ پر اس بات کا احسان جتاتے ہو کہ تم نے بنی اسرائیل کو غلام بنائے رکھا ہے؟ (یہ تو غلامی تھی احسان نہیں تھا)۔

23 Firon said: And what is the Lord of the worlds?

فرعون نے کہا: اور رب العالمین کیا ہے؟

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَاۤ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱۶﴾ اَنْ
اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ؕ﴿۱۷﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا
وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ۙ﴿۱۸﴾ وَفَعَلْتَ
فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ
فَعَلْتُهَاۤ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ؕ﴿۲۰﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا
خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ
﴿۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ﴿۲۳﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

24 He said: The Lord of the heavens and the earth and what is between them, if you would be sure.
موسیٰ نے کہا : آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کا رب، اگر تم یقین کرنے والے ہو۔

25 (Firon) said to those around him: Do you not hear?
فرعون نے اپنے اردگرد کے درباریوں سے کہا : کیا تم سنتے نہیں ہو؟

26 He said: Your Lord and the Lord of your fathers of old.
موسیٰ نے کہا: وہ تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔

27 Said he: Most surely your Apostle who is sent to you is mad.
فرعون نے (لوگوں سے)کہا: جو رسول تمہاری طرف بھیجا گیا ہے وہ دیوانہ ہے۔

28 He said: The Lord of the east and the west and what is between them, if you understand.
موسیٰ نے کہا: وہ مشرق و مغرب اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کا رب ہے، اگر تم عقل رکھتے ہو۔

29 Said he: If you will take a god besides me, I will most certainly make you one of the imprisoned.
فرعون نے کہا: اگر تم نے میرے علاوہ کسی اور کو معبود بنایا تو میں تمہیں قیدیوں میں شامل کروں گا۔

30 He said: What! even if I bring to you something manifest?
موسیٰ نے کہا: اگر میں تیرے پاس واضح چیز (معجزہ) لے آؤں تو؟

31 Said he: Bring it then, if you are of the truthful ones.
فرعون نے کہا: اگر تم سچے ہو تو اسے لے آؤ۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا ؕ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِيۡنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنۡ حَوۡلَهٗۤ اَلَا تَسۡتَمِعُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمۡ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنَّ رَسُوۡلَـكُمُ الَّذِىۡۤ اُرۡسِلَ اِلَيۡكُمۡ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ وَمَا بَيۡنَهُمَا ؕ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذۡتَ اِلٰهًا غَيۡرِىۡ لَاَجۡعَلَـنَّكَ مِنَ الۡمَسۡجُوۡنِيۡنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوۡ جِئۡتُكَ بِشَىۡءٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ فَاۡتِ بِهٖۤ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۳۱﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

32 So he cast down his rod, and lo! it was an obvious serpent,

پس موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ دفعتاً نمایاں اژدھا بن گیا۔

33 And he drew forth his hand, and lo! it appeared white to the onlookers.

اور (گریبان سے) اپنا ہاتھ نکالا تو وہ تمام ناظرین کے لیے چمک رہا تھا۔

34 (Firon) said to the chiefs around him: Most surely this is a skillful magician,

فرعون نے اپنے گرد و پیش کے درباریوں سے کہا: یقینا یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔

35 Who desires to turn you out of your land with his magic; what is it then that you advise?

وہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو کے ذریعے تمہیں تمہاری سرزمین سے نکال باہر کرے تو اب تم کیا مشورہ دیتے ہو؟

36 They said: Give him and his brother respite and send heralds into the cities

وہ کہنے لگے : اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں میں ہرکارے بھیج دو

37 That they should bring to you every skillful magician.

کہ وہ تمام ماہر جادوگروں کو تمہارے پاس لے آئیں ۔

38 So the magicians were gathered together at the appointed time on the fixed day,

چنانچہ مقررہ دن کے مقررہ وقت پر جادوگر جمع کر لیے گئے ۔

39 And it was said to the people: Will you gather together?

اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہو جاؤ گے؟

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

فَاَ لْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۖ ﴿٣٢﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ
فَاِذَا هِىَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ
هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ
اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ
وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ
سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ
﴿٣٨﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

40 Haply we may follow the magicians, if they are the vanquishers.
شاید ہم جادوگروں کے پیچھے چلیں اگر یہ لوگ غالب رہیں ۔

41 And when the magicians came, they said to Firon: Shall we get a reward if we are the vanquishers?
جب جادوگر آ گئے تو فرعون سے کہنے لگے: اگر ہم غالب رہے تو ہمارے لیے کوئی صلہ بھی ہو گا؟

42 He said: Yes, and surely you will then be of those who are made near.
فرعون نے کہا: ہاں! اور اس صورت میں تو تم مقربین میں سے ہو جاؤ گے۔

43 Musa said to them: Cast what you are going to cast.
موسیٰ نے ان سے کہا: تمہیں جو پھینکنا ہے پھینکو۔

44 So they cast down their cords and their rods and said: By Firon's power, we shall most surely be victorious.
انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں اور کہنے لگے: فرعون کے جاہ و جلال کی قسم بے شک ہم ہی غالب آئیں گے۔

45 Then Musa cast down his staff and lo! it swallowed up the lies they told.
پھر موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا تو اس نے دفعتاً ان کے سارے خود ساختہ دھندے کو نگل لیا۔

46 And the magicians were thrown down prostrate;
اس پر تمام جادوگر سجدے میں گر پڑے۔

47 They said: We believe in the Lord of the worlds:
کہنے لگے: ہم عالمین کے رب پر ایمان لے آئے،

48 The Lord of Musa and Haroun.
موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾ فَلَمَّا
جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا
نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ
الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٢﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ
﴿٤٣﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا
لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ
تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿٤٥﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿٤٦﴾
قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿٤٨﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

49 Said he: You believe in him before I give you permission; most surely he is the chief of you who taught you the magic, so you shall know: certainly I will cut off your hands and your feet on opposite sides, and certainly I will crucify you all.

فرعون نے کہا: میری اجازت سے پہلے تم موسیٰ کو مان گئے؟ یقیناً یہ (موسیٰ) تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے ابھی تمہیں (تمہارا انجام) معلوم ہو جائے گا، میں تمہارے ہاتھ اور تمہارے پاؤں مخالف سمتوں سے ضرور کٹوا دوں گا اور تم سب کو ضرور سولی پر لٹکا دوں گا۔

50 They said: No harm; surely to our Lord we go back;

وہ بولے کوئی حرج نہیں ہم اپنے رب کے حضور لوٹ جائیں گے،

51 Surely we hope that our Lord will forgive us our wrongs because we are the first of the believers.

ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا کیونکہ ہم سب سے پہلے ایمان لائے ہیں۔

52 And We revealed to Musa, saying: Go away with My servants travelling by night, surely you will be pursued.

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو لے کر رات کو نکل پڑیں یقیناً آپ کا تعاقب کیا جائے گا۔

53 So Firon sent heralds into the cities;

(ادھر) فرعون نے شہروں میں ہرکارے بھیج دیے،

54 Most surely these are a small company;

(ان کے ساتھ یہ کہلا بھیجا) کہ بے شک یہ لوگ چھوٹی سی جماعت ہیں۔

55 And most surely they have enraged us;

اور انہوں نے ہمیں بہت غصہ دلایا ہے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ
الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ لَاُقَطِّعَنَّ
اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۚ
٤٩ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۚ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۚ ٥٠ اِنَّا
نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۘ ٥١ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ
اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ٥٢ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ
حٰشِرِيْنَ ۚ ٥٣ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ۙ ٥٤ وَاِنَّهُمْ
لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ۙ ٥٥

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

56 And most surely we are a vigilant multitude.
اور اب ہم سب پوری طرح مستعد ہیں۔

57 So We turned them out of gardens and springs,
چنانچہ ہم نے انہیں باغوں اور چشموں سے نکال دیا ہے۔

58 And treasures and goodly dwellings,
اور خزانوں اور بہترین رہائش گاہوں سے بھی۔

59 Even so. And We gave them as a heritage to the children of Israel.
اس طرح ہم نے بنی اسرائیل کو ان کا وارث بنا دیا ۔

60 Then they pursued them at sunrise.
چنانچہ صبح ہوتے ہی (فرعون کے) لوگ ان کے تعاقب میں نکل پڑے۔

61 So when the two hosts saw each other, the companions of Musa cried out: Most surely we are being overtaken.
جب دونوں گروہ ایک دوسرے کو دکھائی دینے لگے تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا: ہم تو پکڑے جانے والے ہیں۔

62 He said: By no means; surely my Lord is with me: He will show me a way out.
موسیٰ نے کہا: ہرگز نہیں! میرا رب یقینا میرے ساتھ ہے، وہ مجھے راستہ دکھا دے گا۔

63 Then We revealed to Musa: Strike the sea with your staff. So it had cloven asunder, and each part was like a huge mound.
پھر ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی اپنا عصا سمندر پر ماریں چنانچہ سمندر پھٹ گیا اور اس کا ہر حصہ عظیم پہاڑ کی طرح ہو گیا۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ
وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا
بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ فَاَ تْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا
تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ۚ ﴿٦١﴾
قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٦٢﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى
مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ
فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿٦٣﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

64 And We brought near, there, the others.
اور وہاں ہم نے دوسرے گروہ کو بھی نزدیک کر دیا ،

65 And We saved Musa and those with him, all of them.
پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے تمام ساتھیوں کو بچا لیا۔

66 Then We drowned the others.
اس کے بعد دوسروں کو غرق کر دیا۔

67 Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
اس واقعے میں ایک نشانی ہے پھر بھی ان میں سے اکثر ایمان نہیں لائے۔

68 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.
اور یقینا آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

69 And recite to them the story of Ibrahim.
اور انہیں ابراہیم کا واقعہ (بھی) سنا دیجئے:

70 When he said to his father and his people: What do you worship?
انہوں نے اپنے باپ (چچا) اور اپنی قوم سے کہا: تم کس چیز کو پوجتے ہو؟

71 They said: We worship idols, so we shall be their votaries.
انہوں نے جواب دیا: ہم بتوں کو پوجتے ہیں اور اس پر ہم قائم رہتے ہیں۔

72 He said: Do they hear you when you call?
ابراہیم نے کہا: جب تم انہیں پکارتے ہو تو کیا یہ تمہاری سنتے ہیں؟

73 Or do they profit you or cause you harm?
یا تمہیں فائدہ یا ضرر دیتے ہیں ؟

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ
اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ
الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ اِذْ
قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ
اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ
اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

74 They said: Nay, we found our fathers doing so.
انہوں نے کہا: (نہیں) بلکہ ہم نے تو اپنے باپ دادا کو ایسا کرتے پایا ہے۔

75 He said: Have you then considered what you have been worshipping:
ابراہیم نے کہا: مجھے بتلاؤ ان کی حالت جنہیں تم پوجتے ہو؟

76 You and your ancient sires.
تم اور تمہارے گزشتہ باپ دادا بھی (پوجتے رہے ہیں) ۔

77 Surely they are enemies to me, but not (so) the Lord of the worlds;
یقینا یہ سب میرے دشمن ہیں سوائے رب العالمین کے،

78 Who created me, then He has shown me the way:
جس نے مجھے پیدا کیا پھر وہی مجھے ہدایت دیتا ہے،

79 And He Who gives me to eat and gives me to drink:
اور وہی مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے،

80 And when I am sick, then He restores me to health
اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔

81 And He Who will cause me to die, then give me life;
اور وہی مجھے موت دے گا پھر مجھے زندگی عطا کرے گا۔

82 And Who, I hope, will forgive me my mistakes on the day of judgment.
اور میں اسی سے امید رکھتا ہوں کہ روز قیامت میری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ
الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾
الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾ وَ الَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ
وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِيْ
يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ
خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

83 My Lord: Grant me wisdom, and join me with the good
میرے رب! مجھے حکمت عطا کر اور صالحین میں شامل فرما۔

84 And ordain for me a goodly mention among posterity
اور آنے والوں میں مجھے حقیقی ذکر جمیل عطا فرما۔

85 And make me of the heirs of the garden of bliss
اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں قرار دے۔

86 And forgive my father, for surely he is of those who have gone astray;
اور میرے باپ (چچا) کو بخش دے کیونکہ وہ گمراہوں میں سے ہے۔

87 And disgrace me not on the day when they are raised
اور مجھے اس روز رسوا نہ کرنا جب لوگ (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے۔

88 The day on which property will not avail, nor sons
اس روز نہ مال کچھ فائدہ دے گا اور نہ اولاد۔

89 Except him who comes to Allah with a heart free (from evil).
سوائے اس کے جو اللہ کے حضور قلب سلیم لے کر آئے۔

90 And the garden shall be brought near for those who guard (against evil),
اس روز جنت پرہیزگاروں کے نزدیک لائی جائے گی۔

91 And the hell shall be made manifest to the erring ones,
اور جہنم گمراہوں کے لیے ظاہر کی جائے گی۔

92 And it shall be said to them: Where are those that you used to worship;
پھر ان سے پوچھا جائے گا : تمہارے وہ معبود کہاں ہیں؟

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ
لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ
النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾
وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا
بَنُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاُزْلِفَتِ
الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿٩١﴾
وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٩٢﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

93 Besides Allah? Can they help you or yet help themselves?
اللہ کو چھوڑ کر (جنہیں تم پوجتے تھے) کیا وہ تمہاری مدد کر رہے ہیں یا خود کو بچا سکتے ہیں؟

94 So they shall be thrown down into it, they and the erring ones,
چنانچہ یہ خود اور گمراہ لوگ منہ کے بل جہنم میں گرا دیے جائیں گے۔

95 And the hosts of the Shaitan, all.
اور سارے ابلیسی لشکر سمیت۔

96 They shall say while they contend therein:
اور وہ اس میں جھگڑتے ہوئے کہیں گے:

97 By Allah! we were certainly in manifest error,
قسم بخدا! ہم تو صریح گمراہی میں تھے۔

98 When we made you equal to the Lord of the worlds;
جب ہم تمہیں رب العالمین کے برابر درجہ دیتے تھے۔

99 And none but the guilty led us astray;
اور ہمیں تو ان مجرموں نے گمراہ کیا ہے۔

100 So we have no intercessors,
(آج) ہمارے لیے نہ تو کوئی شفاعت کرنے والا ہے،

101 Nor a true friend;
اور نہ کوئی سچا دوست ہے۔

102 But if we could but once return, we would be of the believers.
کاش! ہمیں ایک مرتبہ پھر پلٹنے کا موقع مل جاتا تو ہم مومنین میں سے ہوتے۔

103 Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
یقیناً اس میں ایک نشانی ہے لیکن ان میں اکثر ایمان نہیں لاتے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾
فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ
اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾ تَاللّٰهِ اِنْ
كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
﴿۹۸﴾ وَمَاۤ اَضَلَّنَاۤ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾ فَمَا لَنَا مِنْ
شٰفِعِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً
فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا
كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

104 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.
اور یقینا آپ کا رب ہی غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

105 The people of Nuh rejected the apostles.
نوح کی قوم نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی۔

106 When their brother Nuh said to them: Will you not guard (against evil)?
جب ان کی برادری کے نوح نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے ہو؟

107 Surely I am a faithful apostle to you;
میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں،

108 Therefore guard against (the punishment of) Allah and obey me
لہذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

109 And I do not ask you any reward for it; my reward is only with the Lord of the worlds:
اور اس کام پر میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔

110 So guard against (the punishment of) Allah and obey me.
لہذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ۔

111 They said: Shall we believe in you while the meanest follow you?
انہوں نے کہا: ہم تم پر کیسے ایمان لے آئیں جب کہ ادنیٰ درجے کے لوگ تمہارے پیروکار ہیں۔

112 He said: And what knowledge have I of what they do?
نوح نے کہا: مجھے علم نہیں وہ کیا کرتے رہے ہیں۔

113 Their account is only with my Lord, if you could perceive
ان کا حساب تو صرف میرے رب کے ذمے ہے، کاش تم اسے سمجھتے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ
ّالْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۚ
﴿١٠٦﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٠٧﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَ
أَطِيعُونِ ﴿١٠٨﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ
إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١١٠﴾
قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ﴿١١١﴾ قَالَ وَمَا
عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي
لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

114 And I am not going to drive away the believers;
اور میں مومنوں کو دھتکار نہیں سکتا۔

115 I am naught but a plain warner.
میں تو صرف صاف اور صریح انداز میں تنبیہ کرنے والا ہوں۔

116 They said: If you desist not, O Nuh, you shall most certainly be of those stoned to death.
ان لوگوں نے کہا: اے نوح! اگر تم باز نہ آئے تو تمہیں ضرور سنگسار کر دیا جائے گا۔

117 He said: My Lord! Surely my people give me the lie!
نوح نے کہا: اے میرے رب! بتحقیق میری قوم نے میری تکذیب کی ہے۔

118 Therefore judge Thou between me and them with a (just) judgment, and deliver me and those who are with me of the believers.
پس تو ہی میرے اور ان کے درمیان حتمی فیصلہ فرما اور مجھے اور جو میرے ساتھ مؤمنین ہیں ان کو نجات دے۔

119 So We delivered him and those with him in the laden ark.
چنانچہ ہم نے انہیں اور جو ان کے ہمراہ بھری کشتی میں سوار تھے سب کو بچا لیا۔

120 Then We drowned the rest afterwards
اس کے بعد ہم نے باقی سب کو غرق کر دیا۔

121 Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
یقینا اس میں بھی ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے۔

122 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.
اور یقینا آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۵﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

123 Ad gave the lie to the apostles.
قوم عاد نے پیغمبروں کی تکذیب کی۔

124 When their brother Hud said to them: Will you not guard (against evil)?
جب ان کی برادری کے ہود نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟

125 Surely I am a faithful apostle to you;
میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔

126 Therefore guard against (the punishment of) Allah and obey me:
لہذا اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

127 And I do not ask you any reward for it; surely my reward is only with the Lord of the worlds
اور اس کام پر میں تم سے اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔

128 Do you build on every height a monument? Vain is it that you do:
کیا تم ہر اونچی جگہ پر ایک بے سود یادگار بناتے ہو؟

129 And you make strong fortresses that perhaps you may
اور تم بڑے محلات بناتے ہو گویا تم نے ہمیشہ رہنا ہے۔

130 And when you lay hands (on men) you lay hands (like) tyrants;
اور جب تم (کسی پر) حملہ کرتے ہو تو نہایت جابرانہ انداز میں حملہ آور ہوتے ہو۔

131 So guard against (the punishment of) Allah and obey me
پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

كَذَّبَتْ عَادُ ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿١٢٣﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ
أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٢٥﴾ فَٱتَّقُوا ٱللَّهَ
وَأَطِيعُونِ ﴿١٢٦﴾ وَمَا أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ
أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٢٧﴾ أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ
ءَايَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ۚ
﴿١٢٩﴾ وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾ فَٱتَّقُوا ٱللَّهَ
وَأَطِيعُونِ ﴿١٣١﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

132 And be careful of (your duty to) Him Who has given you abundance of what you know.
نیز اس سے ڈرو جس نے ان چیزوں سے تمہاری مدد کی جن کا تمہیں (بخوبی) علم ہے۔

133 He has given you abundance of cattle and children
اس نے تمہیں جانوروں اور اولاد سے نوازا ۔

134 And gardens and fountains;
نیز باغات اور چشموں سے مالا مال کر دیا۔

135 Surely I fear for you the chastisement of a grievous day
بلاشبہ مجھے تمہارے بارے میں ایک بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے۔

136 They said: It is the same to us whether you admonish or are not one of the admonishers
انہوں نے کہا: تم نصیحت کرو یا نہ کرو ہمارے لیے یکساں ہے۔

137 This is naught but a custom of the ancients;
یہ تو بس پرانے لوگوں کی عادات ہیں۔

138 And we are not going to be punished.
اور ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا۔

139 So they gave him the lie, then We destroyed them. Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
(اس طرح) انہوں نے ہود کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں ہلاکت میں ڈال دیا، یقینا اس میں بھی ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہ تھے۔

140 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.
اور بتحقیق آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

141 Samood gave the lie to the apostles
(قوم) ثمود نے بھی رسولوں کو جھٹلایا۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

وَاتَّقُوا الَّذِیۡۤ اَمَدَّکُمۡ بِمَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّکُمۡ بِاَنۡعَامٍ
وَّبَنِیۡنَ ﴿۱۳۳﴾ۙ وَجَنّٰتٍ وَّعُیُوۡنٍ ﴿۱۳۴﴾ۚ اِنِّیۡۤ اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ
عَذَابَ یَوۡمٍ عَظِیۡمٍ ﴿۱۳۵﴾ قَالُوۡا سَوَآءٌ عَلَیۡنَاۤ اَوَعَظۡتَ اَمۡ
لَمۡ تَکُنۡ مِّنَ الۡوٰعِظِیۡنَ ۙ﴿۱۳۶﴾ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا خُلُقُ
الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۱۳۷﴾ۙ وَمَا نَحۡنُ بِمُعَذَّبِیۡنَ ﴿۱۳۸﴾ۚ فَکَذَّبُوۡهُ
فَاَهۡلَکۡنٰهُمۡ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً ؕ وَ مَا کَانَ اَکۡثَرُهُمۡ
مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ رَبَّکَ لَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۴۰﴾
کَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ﴿۱۴۱﴾ۚ

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

142 When their brother Salih said to them: Will you not guard (against evil)?
جب ان کی برادری کے صالح نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے ؟

143 Surely I am a faithful apostle to you
میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔

144 Therefore guard against (the punishment of) Allah and obey me:
پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

145 And I do not ask you any reward for it; my reward is only with the Lord of the worlds:
اور اس بات پر میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔

146 Will you be left secure in what is here;
کیا تم لوگ یہاں پر موجود چیزوں (نعمتوں) میں یوں ہی بے فکر چھوڑ دیے جاؤ گے ؟

147 In gardens and fountains,
باغوں اور چشموں میں،

148 And cornfields and palm-trees having fine spadices?
اور کھیتیوں اور کھجوروں میں جن کے نرم خوشے ہیں،

149 And you hew houses out of the mountains exultingly;
اور تم پہاڑوں کو بڑی مہارت سے تراش کر گھر بناتے ہو۔

150 Therefore guard against (the punishment of) Allah and obey me;
پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

151 And do not obey the bidding of the extravagant,
اور حد سے تجاوز کرنے والوں کے حکم کی اطاعت نہ کرو۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَٰلِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٤٢﴾ إِنِّي لَكُمْ
رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٤٤﴾ وَمَا
أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ
الْعَٰلَمِينَ ﴿١٤٥﴾ أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَٰهُنَآ ءَامِنِينَ ﴿١٤٦﴾ فِي
جَنَّٰتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٤٧﴾ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿١٤٨﴾
وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَٰرِهِينَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ
وَأَطِيعُونِ ﴿١٥٠﴾ وَلَا تُطِيعُوٓا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٥١﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

152 Who make mischief in the land and do not act aright.
جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔

153 They said: You are only of the deluded ones;
لوگوں نے کہا: تم تو بلاشبہ سحرزدہ آدمی ہو۔

154 You are naught but a mortal like ourselves; so bring a sign if you are one of the truthful.
اور تم ہم جیسے بشر کے سوا اور کچھ نہیں ہو، پس اگر تم سچے ہو تو کوئی نشانی (معجزہ) پیش کرو۔

155 He said: This is a she-camel; she shall have her portion of water, and you have your portion of water on an appointed time;
صالح نے کہا: یہ ایک اونٹنی ہے، ایک مقررہ دن اس کے پانی پینے کی باری ہو گی اور ایک مقررہ دن تمہارے پانی پینے کی باری ہو گی۔

156 And do not touch her with evil, lest the punishment of a grievous day should overtake you.
اور اسے بری نیت سے نہ چھونا ورنہ ایک بڑے (ہولناک) دن کا عذاب تمہیں گرفت میں لے لے گا۔

157 But they hamstrung her, then regretted;
تو انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر وہ ندامت میں مبتلا ہوئے۔

158 So the punishment overtook them. Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
چنانچہ عذاب نے انہیں گرفت میں لے لیا، یقیناً اس میں ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے۔

159 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.
اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَ لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا
اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ
مِّثْلُنَا ۙ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ
هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۚ ﴿۱۵۵﴾
وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾
فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ
رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

160 The people of Lut gave the lie to the apostles.
قوم لوط نے (بھی) رسولوں کی تکذیب کی۔

161 When their brother Lut said to them: Will you not guard (against evil)?
جب ان کی برادری کے لوط نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟

162 Surely I am a faithful apostle to you;
میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔

163 Therefore guard against (the punishment of) Allah and obey me:
پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

164 And I do not ask you any reward for it; my reward is only with the Lord of the worlds;
اور میں اس کام پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا میرا اجر تو بس رب العالمین پر ہے۔

165 What! do you come to the males from among the creatures
کیا ساری دنیا میں سے تم (شہوت رانی کے لیے) مردوں کے پاس ہی جاتے ہو؟

166 And leave what your Lord has created for you of your wives? Nay, you are a people exceeding limits.
اور تمہارے رب نے جو بیویاں تمہارے لیے خلق کی ہیں انہیں چھوڑ دیتے ہو؟ بلکہ تم تو حد سے تجاوز کرنے والی قوم ہو۔

167 They said: If you desist not, O Lut! you shall surely be of those who are expelled.
وہ کہنے لگے: اے لوط! اگر تو باز نہ آیا تو تجھے بھی ضرور نکال دیا جائے گا۔

168 He said: Surely I am of those who utterly abhor your doing;
لوط نے کہا: میں تمہارے اس کردار کے سخت دشمنوں میں سے ہوں۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ۨالْمُرْسَلِيْنَ ۖ ﴿١٦٠﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ
اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۙ
﴿١٦٢﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٦٣﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ
مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۖ ﴿١٦٤﴾ اَتَاْتُوْنَ
الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٥﴾ وَ تَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ
رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿١٦٦﴾ قَالُوْا
لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿١٦٧﴾
قَالَ اِنِّىْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿١٦٨﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

169 My Lord! deliver me and my followers from what they do.
میرے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو ان کے (برے) کردار سے نجات عطا فرما۔

170 So We delivered him and his followers all,
چنانچہ ہم نے انہیں اور ان کے تمام اہل خانہ کو نجات دی۔

171 Except an old woman, among those who remained behind.
سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہنے والوں میں رہ گئی۔

172 Then We utterly destroyed the others.
پھر ہم نے باقی سب کو تباہ کر کے رکھ دیا۔

173 And We rained down upon them a rain, and evil was the rain on those warned.
اور ان پر ہم نے بارش برسائی، پس تنبیہ شدہ لوگوں پر یہ بہت بری بارش تھی۔

174 Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
یقینا اس میں ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں۔

175 And most surely your Lord is the Mighty, the Merciful.
اور یقینا آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

176 The dwellers of the thicket gave the lie to the apostles.
ایکہ والوں نے بھی رسولوں کی تکذیب کی۔

177 When Shu'aib said to them: Will you not guard (against evil)?
جب شعیب نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے ؟

178 Surely I am a faithful apostle to you;
میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٩﴾ فَنَجَّيْنٰهُ وَ اَهْلَهٗۤ
اَجْمَعِيْنَ ﴿١٧٠﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٧١﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا
الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٧٢﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ
الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٣﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧٤﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٧٥﴾ كَذَّبَ
اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧٦﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ
اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٧٧﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٧٨﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

179 Therefore guard against (the punishment of) Allah and obey me:
پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

180 And I do not ask you any reward for it, my reward is only with the Lord of the worlds;
اور اس کام پر میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔

181 Give a full measure and be not of those who diminish;
تم پیمانہ پورا بھرو اور نقصان پہنچانے والوں میں سے نہ ہونا۔

182 And weigh (things) with a right balance,
اور سیدھی ترازو سے تولا کرو۔

183 And do not wrong men of their things, and do not act corruptly in the earth, making mischief.
اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے نہ دیا کرو اور زمین میں فساد پھیلاتے مت پھرو۔

184 And guard against (the punishment of) Him who created you and the former nations.
اور اس اللہ سے ڈرو جس نے تمہیں اور گزشتہ نسلوں کو پیدا کیا ہے

185 They said: You are only of those deluded;
انہوں نے کہا: تم تو بس سحر زدہ ہو۔

186 And you are naught but a mortal like ourselves, and we know you to be certainly of the liars.
اور تم تو بس ہم جیسے انسان ہو نیز ہمارا خیال ہے کہ تم جھوٹے ہو۔

187 Therefore cause a portion of the heaven to come down upon us, if you are one of the truthful.
پس تم سچے ہو تو آسمان کا کوئی ٹکڑا ہم پر گرا دو۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ
اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا
الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا
بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ
اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا
الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ
مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَ اِنْ
نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ
السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

188 He said: My Lord knows best what you do.
شعیب نے کہا: میرا رب تمہارے اعمال سے خوب واقف ہے۔

189 But they called him a liar, so the punishment of the day of covering overtook them; surely it was the punishment of a grievous day.
انہوں نے شعیب کو جھٹلا ہی دیا، چنانچہ سائبان والے دن کے عذاب نے انہیں گرفت میں لے لیا، بے شک وہ بہت بڑے (ہولناک) دن کا عذاب تھا۔

190 Most surely there is a sign in this, but most of them do not believe.
اس میں یقینا ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔

191 And most surely your Lord is Mighty, the Merciful.
اور یقینا آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

192 And most surely this is a revelation from the Lord of the worlds.
اور بتحقیق یہ (قرآن) رب العالمین کا نازل کیا ہوا ہے۔

193 The Faithful Spirit has descended with it,
جسے روح الامین نے اتارا،

194 Upon your heart that you may be of the warners
آپ کے قلب پر تاکہ آپ تنبیہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں ،

195 In plain Arabic language.
صاف عربی زبان میں۔

196 And most surely the same is in the scriptures of the ancients.
اور اس (قرآن) کا ذکر (انبیائے) ما سلف کی کتب میں بھی ہے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ
عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٨٩﴾ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٠﴾ وَاِنَّ
رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٩١﴾ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿١٩٣﴾ عَلٰي قَلْبِكَ
لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿١٩٤﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿١٩٥﴾
وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٩٦﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

197 Is it not a sign to them that the learned men of the Israelites know it?

کیا یہ قرآن ان کے لیے ایک نشانی (معجزہ) نہیں ہے کہ اس بات کو بنی اسرائیل کے علماء جانتے ہیں۔

198 And if we had revealed it to any of the foreigners

اور اگر ہم اس قرآن کو کسی غیر عربی پر نازل کرتے،

199 So that he should have recited it to them, they would not have believed therein.

اور وہ اسے پڑھ کر انہیں سنا دیتا تب بھی یہ اس پر ایمان نہ لاتے۔

200 Thus have We caused it to enter into the hearts of the guilty.

اس طرح (کے دلائل دے کر) ہم نے اس قرآن کو ان مجرموں کے دلوں میں سے گزارا ہے۔

201 They will not believe in it until they see the painful punishment.

پھر بھی وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک دردناک عذاب دیکھ نہ لیں۔

202 And it shall come to them all of a sudden, while they shall not perceive;

پس یہ عذاب ناگہاں اور بے خبری میں ان پر واقع ہو گا۔

203 Then they will say: Shall we be respited?

تو وہ کہیں گے: کیا ہمیں مہلت مل سکے گی؟

204 What! do they still seek to hasten on Our punishment?

کیا یہ لوگ ہمارے عذاب کے لیے عجلت کر رہے ہیں؟

205 Have you then considered if We let them enjoy themselves for years,

مجھے بتلاؤ کہ اگر ہم انہیں برسوں سامان زندگی دیتے رہیں،

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

اَوَلَمۡ يَكُنۡ لَّهُمۡ اٰيَةً اَنۡ يَّعۡلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ؕ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوۡ نَزَّلۡنٰهُ عَلٰى بَعۡضِ الۡاَعۡجَمِيۡنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيۡهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ مُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۹۹﴾ كَذٰلِكَ سَلَكۡنٰهُ فِىۡ قُلُوۡبِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۲۰۰﴾ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الۡعَذَابَ الۡاَلِيۡمَ ﴿۲۰۱﴾ فَيَاۡتِيَهُمۡ بَغۡتَةً وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ۙ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُوۡلُوۡا هَلۡ نَحۡنُ مُنۡظَرُوۡنَ ﴿۲۰۳﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ﴿۲۰۴﴾ اَفَرَءَيۡتَ اِنۡ مَّتَّعۡنٰهُمۡ سِنِيۡنَ ﴿۲۰۵﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

206 Then there comes to them that with which they are threatened,
پھر ان پر وہ عذاب آ جائے جس کا ان کے ساتھ وعدہ ہوا تھا،

207 That which they were made to enjoy shall not avail them?
تو وہ (سامان زندگی) ان کے کسی کام نہ آئے گا جو انہیں دیا گیا تھا۔

208 And We did not destroy any town but it had (its) warners,
اور ہم نے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیا مگر یہ کہ اس بستی کو تنبیہ کرنے والے تھے۔

209 To remind, and We are never unjust.
یاد دہانی کے لیے، اور ہم کبھی بھی ظالم نہ تھے۔

210 And the Shaitans have not come down with it.
اور اس قرآن کو شیاطین نے نہیں اتارا

211 And it behoves them not, and they have not the power to do (it).
اور نہ یہ کام ان سے کوئی مناسبت رکھتا ہے اور نہ ہی وہ استطاعت رکھتے ہیں۔

212 Most surely they are far removed from the hearing of it.
وہ تو یقینا (وحی کے) سننے سے بھی دور رکھے گئے ہیں۔

213 So call not upon another god with Allah, lest you be of those who are punished.
پس آپ اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکاریں ورنہ آپ بھی عذاب پانے والوں میں شامل ہو جائیں گے۔

214 And warn your nearest relations,
اور اپنے قریب ترین رشتے داروں کو تنبیہ کیجیے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا
كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا
مُنْذِرُوْنَ ۛ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا
تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٢١١﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا
تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾
وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

215 And be kind to him who follows you of the believers.
اور مومنین میں سے جو آپ کی پیروی کریں ان کے ساتھ تواضع سے پیش آئیں۔

216 But if they disobey you, then say: Surely I am clear of what you do.
اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو ان سے کہدیجئے کہ میں تمہارے کردار سے بیزار ہوں۔

217 And rely on the Mighty, the Merciful,
اور بڑے غالب آنے والے مہربان پر بھروسہ رکھیں۔

218 Who sees you when you stand up.
جو آپ کو اس وقت دیکھ رہا ہوتا ہے جب آپ (نماز کے لیے) اٹھتے ہیں۔

219 And your turning over and over among those who prostrate themselves before Allah.
اور سجدہ کرنے والوں میں آپ کی نشست و برخاست کو بھی۔

220 Surely He is the Hearing, the Knowing.
وہ یقینا بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

221 Shall I inform you (of him) upon whom the Shaitans descend?
کیا میں تمہیں خبر دوں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں؟

222 They descend upon every lying, sinful one,
ہر جھوٹے بدکار پر اترتے ہیں۔

223 They incline their ears, and most of them are liars.
وہ کان لگائے رکھتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہیں۔

224 And as to the poets, those who go astray follow them.
اور شاعروں کی پیروی تو گمراہ لوگ کرتے ہیں۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾ فَاِنْ
عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٢١٦﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى
الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾
وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
﴿٢٢٠﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾
تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ
وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾

ASH-SHU'ARA (THE POETS) · CONTINUED

225 Do you not see that they wander about bewildered in every valley?
کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یہ لوگ ہر وادی میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔

226 And that they say that which they do not do,
اور جو کہتے ہیں اسے کرتے نہیں۔

227 Except those who believe and do good and remember Allah much, and defend themselves after they are oppressed; and they who act unjustly shall know to what final place of turning they shall turn back.
سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے اور کثرت سے اللہ کو یاد کریں اور مظلوم واقع ہونے کے بعد انتقام لیں اور ظالموں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس انجام کو پلٹ کر جائیں گے۔

الشعراء ASH-SHU'ARA (THE POETS) cont.

اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ
مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ
وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾